## جب تک میرے جسم میں سانس باقی ہے حسینیتؑ کا پرچار کرتا رہوں گا، الطاف حسین

## میں اور میری جماعت طویل عرصے سے فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے

## وقت کا تقاضہ ہے کہ تمام مکاتب فکر کے علماء بھی میدان عمل میں آکر اپنا کردار ادا کریں

## آپ نے تمام مکاتب فکر کے ماننے والوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرکے عظیم کام کیا ہے، محترمہ خانم طیبہ بخاری

## آپ نے جو جراتمندانہ موقف اختیار کیا ہے اس پر اہل تشیع آپ کے احسان مندرہیں گے، محترمہ خانم طیبہ بخاری

## انٹرنیشنل بخاری ریلیف فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن محترمہ خانم طیبہ بخاری کی الطاف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن:۔۔۔۔3، ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ جب تک میرے جسم میں سانس باقی ہے میں حسینیتؑ کا پرچار کرتا رہوں گا اور یزیدیت کے خلاف صدائے حق بلند کرتا رہوں گا۔ یہ بات انہوں نے ممتاز ذاکرہ اور انٹرنیشنل بخاری ریلیف فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن محترمہ خانم طیبہ بخاری سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی جنہوں نے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فون کرکے جناب الطاف حسین سے گفتگو کی۔ محترمہ خانم نے اپنی اور بخاری فاؤنڈیشن کی جانب سے جناب الطاف حسین کو انکے جراتمندانہ بیان پر خراج تحسین بھی پیش کیا۔ محترمہ خانم طیبہ بخاری نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے پاکستان میں اہل تشیع افراد کے بہیمانہ قتل عام پر جس طرح جراتمندانہ موقف اختیار کیا اور اہل تشیع افراد کے حق میں آواز بلند کی اس پر میں اور مجھ جیسے کروڑوں اہل تشیع افراد ہمیشہ آپ کے احسان مند رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آپ اور آپ کی جماعت نے اتحاد بین المسلمین کا مظاہرہ کرکے تمام مکاتب فکر کے ماننے والوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کردیا جو کہ ایک عظیم کام ہے اور یہ صرف اور صرف آپ ہی کا طرہ امتیاز ہے جس پر تمام عالم اسلام خصوصاً فقہ جعفریہ کے ماننے والے آپ کے شکر گزار ہیں۔ محترمہ خانم طیبہ بخاری نے مزید کہا کہ آپ کی آواز میں جو سچائی ہے وہ دلوں کو چھوتی ہے اور فقہ جعفریہ کے ماننے والے لاکھوں لوگوں کے دلوں میں آپ کے لئے جو محبت اور قدرو منزلت ہے اس کا الفاظ میں اظہار نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ جناب الطاف حسین کی اس جراتمندانہ کوششوں سے ملک میں فرقہ واریت کا خاتمہ ہوگا اور تمام مسالک کے لوگ باہمی اتحاد اور اتفاق سے فرقہ واریت کی سازشوں کو ناکام بنادیں گے۔ جناب الطاف حسین نے محترمہ خانم طیبہ بخاری کے خیالات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ میں سرکار دو عالمﷺ اور اہل بیت کی پیروی کرتے ہوئے اہل حق اور مظلوموں کی حمایت کررہا ہوں۔ میں اور میری جماعت ایم کیو ایم طویل عرصے سے فرقہ واریت کے خاتمہ کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ ایک انسان کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے تاہم وقت کا تقاضہ ہے کہ فرقہ واریت کی بنیاد پر قتل وغارتگری کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام بھی میدان عمل میں آکر اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے کراچی میں تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام مشائخ عظام اور ذاکرین کو اتحاد بین المسلمین کانفرنس میں اکٹھا کرکے یہ دردمندانہ اپیل کی ہے کہ وہ فقہ جعفریہ کے ماننے والوں کے قتل عام پر نہ صرف آواز بلند کریں بلکہ ظلم کو ظلم بھی کہیں۔ انہوں نے کہا کہ حق پرستی کی اس راہ میں اگر مجھے اپنی جان کی قربانی دینی پڑی تو میں اس سے بھی دریغ نہیں کروں گا۔ انہوں نے محترمہ خانم طیبہ بخاری سے کہا کہ آپ فقہ جعفریہ کے ماننے والوں تک میرا یہ پیغام پہنچادیں کہ جب تک میرے جسم میں سانس باقی ہے میں حسینیت کا پرچار کرتا رہوں گا اور یزیدیت کے خلاف صدائے حق بلند کرتا رہوں گا۔ اس موقع پر محترمہ خانم طیبہ بخاری نے فقہ جعفریہ کے علمائے کرام اور عوام کی جانب سے جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وعافیت کیلئے دعا کی اور ان کے جراتمندانہ اقدام پر انہیں سلام تحسین پیش کیا۔

## اقوام متحدہ کی عمارت کے باہر خودکش حملہ پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہے، الطاف حسین

## حکومت بم دھماکے کا سنجیدگی سے نوٹس لے اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے

## خودکش بم دھماکے میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

لندن:۔۔۔03، ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے علاقے آبدرہ روڈ پر خودکش بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکے میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ انتہاء پسندی اور خودکش حملے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل ہیں اور جو عناصر دین اسلام کو بدنام کرنے اور پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کیلئے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلارہے ہیں وہ انسانیت کے سب سے بڑے دشمن ہیں

۔جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے بم دھماکے میں زخمی ہونے والی خواتین اور بچوں سمیت دیگر زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ پشاور آبدرہ روڈ پر اقوام متحدہ کے دفتر کے باہر خودکش بم دھماکے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے،شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں اور پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں۔

**ایم کیو ایم کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں صنعتکاروں اور تاجروں کے اجلاس کا انعقاد**

**اجلاس میں بھتہ خوری،اغواء برائے تاوان اور بڑھتی ہوئی کاروائیوں پر لائحہ عمل طے کیا گیا**

**ایم کیو ایم کراچی کے تمام تاجروں کو بھتہ مافیا، پرچی مافیا سمیت جرائم پیشہ عناصر سے نجات دلانے کیلئے عملی کوششیں کر رہی ہے،ڈاکٹر فاروق ستار**

**ایم کیو ایم کے ایک لاکھ کارکنان کی خدمات یقیناً شہر میں حالات کی بہتری کیلئے اہم ثابت ہوگی،ایس ایم منیر**

**جناب الطاف حسین نے جن خدشات کے بارے میں ہمیں وقتاً فوقتاً آگاہ کیا اس پر ہمیں ایک ہونے کی ضرورت ہے،عتیق میر**

**کراچی میں امن کا مسئلہ سنگین ہوتا جارہا ہے جس کی بنیادی وجہ حکومت کی ناکامی ہے،سراج قاسم تیلی**

**اجلاس میں تاجروں اور صنعتکاروں نے جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور اس کے خاتمے کیلئے اپنی تجاویز دیں**

**صنعت کاروں اور تاجروں نے اجلاس میں اغواء برائے تاوان، بھتہ خوری اور پرچی مافیا کے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کیلئے لاہور اور کراچی میں بزنس کنونشن منعقد کرنے کا اعلان بھی کیا**

کراچی:۔۔۔03،ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام گزشتہ روز صنعت کاروں اور تاجر برادری کا ایک اجلاس مقامی ہوٹل میں منعقد ہوا جس میں معروف صنعتکار اور تاجر ایس ایم منیر،عتیق میر،سراج قاسم تیلی،شکیل احمد،زبیر موتی والا کے علاوہ کاٹی کے چیئرمین احتشام،چیمبر آف کامرس کے صدر میاں ابرار ایسوسی ایشن سائٹ سپر ہائی وے کے عرفان کوتل،سائٹ سپر ہائی وے کے جمشید چاندی والا،میاں زاہد،ڈاکٹر ارشد وہرا،عرفان موتی،جمیل پراچہ سمیت انڈسٹریلسٹس نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجلاس کی صدارت ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کی جبکہ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین رضا ہارون،ڈاکٹر صغیر احمد،سلیم تاجک،حق پرست سینیٹر عبدالحسیب،حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی اور حق پرست اراکین اسمبلی بھی موجود تھے۔اجلاس میں صنعتکاروں اور تاجروں نے شہر میں جرائم پیشہ عناصر کی بھتہ خوری،اغواء برائے تاوان اور قتل و غارتگری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور ان سے نجات کیلئے اپنی تجاویز پیش کرنے کے علاوہ لائحہ عمل بھی طے کیا جبکہ اجلاس میں صنعت کاروں اور تاجروں نے اغواء برائے تاوان، بھتہ خوری اور پرچی مافیا کے دہشت گردوں کے خلاف ٹھوس کارروائی کیلئے بزنس کنونشن منعقد کرنے اعلان بھی کیا۔اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیو ایم کراچی کے تمام تاجروں کو بھتہ مافیا، پرچی مافیا سمیت جرائم پیشہ عناصر سے نجات دلانے کیلئے عملی کوششیں کر رہی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا تاجر برادری سے وعدہ ہے کہ وہ کراچی کو گلشن بنائیں گے۔رکن رابطہ کمیٹی رضا ہارون نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین شہر میں صنعت کاروں اور تاجروں کے اتحاد اور امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کیلئے کوشاں ہیں۔معروف صنعت کار ایس ایم منیر نے کہا کہ شہر میں امن و امان کی صورتحال کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے،شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیحی ہونا چاہئے۔عتیق میر نے کہا کہ ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین نے جن خدشات کے بارے میں ہمیں وقتاً فوقتاً آگاہ کیا اس پر ہمیں ایک ہونے کی ضرورت ہے اور ایم کیو ایم نے ہمیشہ کراچی کے عوام کے لئے اپنا مثبت کردار ادا کیا ہے۔سراج قاسم تیلی نے کہا کہ کراچی کے حالات میں تاجر برادری اپنی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے از خود اقدامات کرے۔کراچی میں امن کا مسئلہ سنگین ہوتا جارہا ہے جس کی بنیادی وجہ حکومت کی ناکامی ہے۔

## ایم کیوایم کی شہداء کی یاد میں تعمیر ''یادگارِ شہدائے حق'' کے سامنے ایم کیوایم شعبہ خواتین کے ماہانہ جنرل ورکرز اجلاس کا انعقاد اجلاس میں قتل و غارتگری کی روک تھام کیلئے قرارداد منظور کی گئی، شہر میں فرقہ وارانہ اور بین المذاہب ہم آہنگی کو سبوتاژ کرنے کی سازش میں ملوث عناصر مسلک، عقیدے اور مذہب کی بنیاد پر بے گناہ افراد کا قتل کرا رہے ہیں، اجلاس سے کشور زہرا کا اظہار خیال

کراچی:۔۔۔2 اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیر اہتمام گزشتہ روز جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم کے شہداء کی یاد میں تعمیر کی گئی ''یادگار شہدائے حق'' کے سامنے خواتین کارکنان کا ماہانہ جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوا جس میں ایم کیوایم کے شہید کارکنان و ہمدردوں کی بیواؤں، بچیوں، ماؤں اور بہنوں کے علاوہ دیگر خواتین نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں فرقہ وارانہ قتل و غارتگری میں شہید ہونے والے افراد کے علاوہ ایم کیوایم کے شہید کارکنان کے بلند درجات اور لواحقین کے صبر جمیل کیلئے خصوصی دعا کی گئی جبکہ قتل و غارتگری کے واقعات کی روک تھام کیلئے قرارداد بھی منظور کی گئی۔ ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج وحق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ کشور زہرا نے یہ قرارداد اجلاس میں پیش کی گئی جس کی اجلاس میں شریک خواتین نے بھرپور تائید کی۔ اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے کشور زہرا نے کہا کہ ملک میں فرقہ وارانہ اور بین المذاہب ہم آہنگی کو سبوتاژ کرنے کی سازش میں ملوث عناصر مسلک، عقیدے اور مذہب کی بنیاد پر بے گناہ افراد کا قتل کرا رہے ہیں اور اس کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنے کی پاداش میں ایم کیوایم کے متعدد کارکنان کو مسلح دہشت گردوں نے گزشتہ دنوں فائرنگ کرکے بیدردی سے شہید وزخمی کردیا۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی مسلک اور عقیدہ معصوم انسانی جانوں سے کھیلنے کا درس نہیں دیتا ہے اور انسانی جانوں کے ضیاع میں ملوث سفاک سازشی عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے اور ایسے سازشی عناصر کو تمام مسالک اور مذاہب کے ماننے والوں کو اپنی صفوں سے نکال دینا چاہئے۔ اجلاس سے معروف ادیبہ وافسانہ نگار محترمہ رئیس فاطمہ، معروف شاعرہ، ادیبہ اور افسانہ نگار محترمہ فہمیدہ ریاض، ایم کیوایم شعبہ خواتین کی جوائنٹ انچارج محترمہ رابعہ ماجد، رکن محترمہ نسیم محمد علی نے بھی اظہار خیال کیا جبکہ محترمہ خالدہ اطیب نے شہید افراد کے حوالے سے نظم پڑھی۔ اجلاس ایم کیوایم کے شہداء کے نام سے منسوب کیا گیا تھا۔ بعدازاں اجلاس میں شریک خواتین نے ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج کشور زہرا کے ہمراہ یادگار شہداء حق پرست پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی اور دیئے روشن کرکے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

## قائد تحریک الطاف حسین کی جدوجہد ملک کے مظلوم ومحکوم عوام کیلئے ہے، ڈاکٹر نصرت
## حق وباطل کی لڑائی میں شکست ہمیشہ باطل قوتوں کی ہوتی ہے
## خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے اجلاس سے اظہارِ خیال

کراچی:۔۔۔03 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر نصرت نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد ظلم وناانصافیوں اور استحصالی نظام کے خلاف ہے جو کٹھن اور دشوار گزار ہوتی ہے جنہیں جبر کی قوتوں کے ذریعے کچلنے کیلئے مختلف ہتھکنڈے استعمال کئے جاتے ہیں تاکہ عوام کے ذہنوں میں منفی تاثر قائم کیا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیر اہتمام سیکٹرز، یونٹس اور رابطہ دفاتر کے ذمہ داران وکارکنان کے اجلاس سے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم، جوائنٹ انچارج وصوبائی وزیر نثار احمد پنہور، جوائنٹ انچارج محمد سلیم جوکھیو اور اراکین کمیٹی بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب ایک قائد کے پیروکار ہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جدوجہد ملک کے پسے ہوئے مظلوم ومحکوم 98 فیصد عوام کے جائز حقوق کے حصول کیلئے ہے جو 65 برسوں سے ملک پر قابض دو فیصد مراعات یافتہ طبقے نے غصب کئے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس وقت تاریخ کے نازک ترین دور سے گزر رہا ہے، بلوچستان تباہی کے دہانے پر ہے، ملک میں فرقہ واریت کو پروان چڑھایا جارہا ہے، اس نازک صورتحال میں الطاف حسین مملکت خداداِ پاکستان کے واحد رہنماء ہیں جو انتہائی فکرمند ہیں اور ملک میں اتحاد بین المسلمین اور بین المذاہب یکجہتی کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں اور گزشتہ دنوں عزیز آباد میں منعقد ہونے والی اتحاد بین المسلمین کانفرنس اس عملی جدوجہد کا مظہر ہے کہ بانی وقائد تحریک الطاف حسین کس قدر پاکستان کی سالمیت اور یکجہتی کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔ انہوں نے ذمہ داران وکارکنان پر زور دیا کہ وہ تنظیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ مخالفین کے منفی پروپیگنڈہ کا موثر جواب دینے کیلئے تاریخ کا مطالعہ کریں، قائد تحریک الطاف حسین کی فکری نشستوں اور خطابات وخیالات کا مطالعہ کرکے اپنے ذہنوں کی آبیاری کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ باشعور قومیں تمام تر کٹھن اور مشکل حالات کا ہمت وحوصلہ سے مقابلہ کرتی ہیں اور اپنی جدوجہد کو منزل مقصود تک پہنچاتی ہیں حق وباطل کی لڑائی میں شکست ہمیشہ باطل قوتوں کی ہوتی ہے، تمام ذمہ داران وکارکنان اپنی نظریاتی وفکری وابستگی کو مضبوط بنائیں اور بانی وقائد تحریک محترم الطاف حسین کے ساتھ شانہ بشانہ عملی جدوجہد جاری رکھیں۔

## ایم کیوایم ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے تاکہ عوام کو یکساں حقوق حاصل ہوں، افتخار اکبر رندھاوا
## جہانیاں کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے عمائدین کی جانب سے استقبالیہ تقاریب میں اظہار خیال

ملتان۔۔۔۔۔3 ستمبر،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کا پیغام ملک کے گوشے گوشے میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور غریب ومتوسط طبقے کے عوام جوق در جوق ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں اور دن دور نہیں جب ملک میں غریب ومتوسط طبقے کا انقلاب برپا ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جہانیاں کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے عمائدین کی جانب سے اپنے اعزاز میں دی گئیں الگ الگ استقبالیہ تقاریب کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم ملتان زون کے انچارج رائے خالد محمود، سیکریٹری اطلاعات علی عمران سہروردی، کرامت علی شیخ اور سید شاہد عالمگیر زیدی بھی انکے ہمراہ موجود تھے۔چک نمبر 148 کی ٹنڈا برادری کے ماسٹر اقبال ٹنڈا، مہر یامین ٹنڈا، اور عبدالستار ٹنڈا کی قیادت میں پورے گاؤں نے متفقہ فیصلے کے بعد ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین کی قیادت میں حق پرستی کا یہ قافلہ بہت جلد منزل مقصود پر پہنچے گا۔افتخار اکبر رندھاوا نے ٹنڈا برادری کی ایم کیوایم میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک کے فکر وفلسفہ کی روشنی میں پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکتا ہے اور ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ملک کے غریب ومظلوم اور زندگی کی بنیادی ضرورتوں سے محروم عوام کو یکساں حقوق فراہم کرنے کی ضمانت ہے۔تقاریب میں علاقائی عمائدین اسلم ارائیں، ارشد ارائیں، ڈاکٹر اصغر چھینہ، ڈاکٹر الطاف، اصغر رندھاوا، ارشد گل، انجینئر شوق واہلہ، چوہدری عطاءاللہ گل، چوہدری شمشاد سندھو، سید رضوان بخاری، چوہدری غفور لیل، چوہدری احمد علی نجر، اکرم گوپا، عبدالرحمٰن ڈھول، ملک شریف بھی موجود تھے۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے پیغام حق کے خاطر راہ حسینیت پر عمل کیا اور بے شمار قربانیاں دیں
## حیدرآباد زون کے انچارج محمد شریف کا زونل آفس پر مختلف مکتبہ فکر کے علماء اکرام اور معززین شہر سے اظہار خیال
## علمائے کرام اور معززین شہر کا متحدہ اتحاد بین المسلمین فورم کے قیام پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو خراج تحسین

حیدرآباد۔۔۔3 ستمبر،2012ء

متحدہ اتحاد بین المسلمین فورم کا قیام مذہبی رواداری اور بھائی چارے کے فروغ اور ملک سے مذہبی فرقہ واریت کے خاتمہ کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی کاوشوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے انچارج محمد شریف نے زونل آفس پر مختلف مکتبہ فکر کے علماء اکرام اور معززین شہر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ مذہبی رواداری بھائی چارے اور ملک میں امن کو قائم رکھنے کے لئے مختلف سیاسی ومذہبی جماعتیں صرف دعوے کرتی نظر آتی ہیں مگر ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جس نے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو دست وگریباں ہونے سے نہ صرف روکا بلکہ انہیں ایک ساتھ جینے اور ایک دوسرے کے مسالک کا احترام کا پیغام دیا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک کا پیغام امن وسلامتی کا پیغام ہے اور اسلام کی تعلیمات بھی ہمیں یہی درس دیتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک نے پیغام حق کے خاطر راہ حسینیت پر عمل کیا اور بے شمار قربانیاں دیں اور آج بھی باطل قوتوں کے خلاف عملی جہاد میں مصروف عمل ہیں۔اس موقع پر مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام اور معززین شہر نے متحدہ اتحاد بین المسلمین فورم کے قیام پر قائد تحریک کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جس نے ہمیشہ تمام مسالک کے درمیان مذہبی رواداری اور امن وامان بھائی چارہ اور فرقہ ورانہ ہم آہنگی کو قائم رکھنے کے سلسلے میں اہم کردار ادا کیا ہے اور اس سلسلے میں ایم کیوایم کا کردار قابل ستائش وتقلید ہے۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔03 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نوابشاہ زون یونٹ A-5 کے ڈسٹرکٹ الیکشن سیل کے کارکن عقیل احمد، ایم کیوایم ایلڈرز ونگ نیو کراچی سیکٹر کی کمیٹی کے رکن رانا عبد الصبار کی والدہ محترمہ سنجیدہ بیگم کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سائٹ ٹاؤن یوسی 4 الفتح کالونی کے کارکن منگل مسیح کے انتقال پر بھی دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

## قائدتحریک کی خصوصی ہدایت کےتحت حق پرست عوامی نمائندوں نے سندھ کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں تعلیم،صحت، پینے کے صاف پانی کے فلٹر پلانٹ،سیوریج سسٹم اورغریب عوام کوسستی ٹرانسپورٹ مہیاکرنے کے ساتھ ساتھ دیگر مسائل حل کرنے کی بھرپورکوشش کی،فہیم احمد الطافی

میر پورخاص۔۔۔۔3 ستمبر،2012ء

بارشوں سے قبل تمام نئے ڈسپوزل کی تعمیراورتعمیر شدہ ڈسپوزل پر ہائی پاور جرنیٹر کی تنصیب کو یقینی بنایا جائے ،تا کہ بارشوں کے سبب عوام کوممکنہ پریشانیوں اورمشکلات سے محفوظ رکھنے میں مدد ملے،ان خیالات کا اظہارحق پرست رکن صوبائی اسمبلی فہیم احمد الطافی نے میر پورخاص میں ممکنہ شدید بارشوں سے پہلے ڈرینج اورسیوریج کے حوالے سے کئے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے کیا۔اس موقع پررکن زونل کمیٹی اعجاز احمد بھی انکے ہمراہ تھے۔انہوں نے بلدیہ کے اعلیٰ افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ بارشوں سے قبل یوسی 01 سے لیکر یوسی 08 تک جتنے بھی سیوریج کے نالے ہیں انکی صفائی وستھرائی کو یقینی بنایا جائے اورڈرینج سسٹم کومزید موثر بنانے کیلئے  تعمیر کئے جانے والے برساتی نالوں کی جلدازجلد تعمیر کو یقینی بنایا جائے تا کہ بارش کے پانی کوشہر سے جلدازجلد نکالا جاسکے۔انہوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ گلشن حیدر میں تعمیر ہونے والے ڈسپوزل کے تعمیراتی کام میں رکاوٹ ڈالنے والے شرپسند عناصر کوفی الفور گرفتار کیا جائے اورانتظامیہ اپنی موجودگی میں ڈسپوزل کے تعمیراتی کام کومکمل کروائے۔انہوں نے مزید کہا کہ قائدتحریک کی خصوصی ہدایت کےتحت حق پرست عوامی نمائندوں نے سندھ کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں تعلیم،صحت، پینے کے صاف پانی کے لیئےفلٹر پلانٹ،سیوریج سسٹم اورغریب عوام کوسستی ٹرانسپورٹ مہیا کرنے کے ساتھ ساتھ دیگر مسائل حل کرنے کی بھرپورکوشش کی ہے۔جبکہ مفاد پرست سیاستدان جوسندھ دھرتی میں رہنے والوں غریب ہاریوں اور کسانوں کے ووٹوں کے سہارے اسمبلیوں میں اقتدار کے مزے لوٹنے میں مصروف ہیں انہوں نے سندھ دھرتی کے معصوم ومظلوم عوام کونفرت ،جہالت ،بے روزگاری،کاروکاری،جبری مشقت اورجرائم پیشہ زندگی کے علاوہ کچھ نہیں دیا۔

## بارش کے پانی کی نکاسی کیلیئے  بنائے جانے والے ڈسپوزل کے تعمیراتی کاموں میں رکاوٹ ڈالنے والوں کے خلاف موثر قانونی کاروائی کی جائے،فریداحمد خان

میر پورخاص۔۔۔۔3 ستمبر،2012ء

بارش کے پانی کی نکاسی کیلیئے  بنائے جانے والے ڈسپوزل کے تعمیراتی کاموں میں رکاوٹ ڈالنے والوں کے خلاف موثر قانونی کاروائی کی جائے،ان خیالات کا اظہارایم کیوایم میر پورخاص زون کے انچارج فرید احمد خان نے زونل آفس پر آنے والے معززین سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر جوائنٹ زونل انچارج احمد رضا خان نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ میر پورخاص شہر کوسابقہ بارشوں نے تباہ کردیا تھااورراستوں میں جمع ہونے والے پانی نے شہر کومختلف حصوں میں تقسیم کردیا تھا،آنے جانے کے راستے ختم ہوگئے تھے جس کے باعث شہر کی سیاسی وسماجی اورتجارتی سرگرمیاں طویل عرصے تک عملاً بندرہیں تھیں لیکن اب ایسانہیں ہوگا،ہم ہر قیمت پر میر پورخاص کے شہریوں کو بارشوں سے ہونے والی تباہ کاریوں سے بچائیں گےاورجولوگ اپنے ذاتی مفادات کی وجہ سے ایک منظّم سازش کے تحت شہر کوایک مرتبہ پھرڈبونے کے درپے ہیں انہیں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔انہوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ایسے باثر افراد کے خلاف کاروائی کی جائے جوگلشن حیدر میں بننے والے ڈسپوزل کے تعمیراتی کام میں رکاوٹ ڈال رہے ہیں اورمعصوم شہریوں کو بہکا کرآپس میں لڑوانے کی سازش کررہے ہیں۔انہوں نے تمام سازشی عناصر کومتنبہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایسی سازشوں سے باز رہیں جس سے میر پورخاص کے شہریوں پرکوئی پریشانی آئے کیونکہ متحدہ قومی موومنٹ کا ایک ایک کارکن اپنے شہر کی حق پرست عوام کے ساتھ ہےاورشہریوں کے حقوق اورانکے تحفظ کیلیئے ہرممکن اقدام کرنے کوتیار ہے۔

☆☆☆☆☆